بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ادارہ تحقیقات اسلامی

## اسلام آباد (پاکستان)

تار کا پتہ : اسلامسرچ

پتہ : سیوک سنٹر رسنا - ٦
پوسٹ بکس نمبر ١٠٣٥

حوالہ نمبر 10723/ADI/81

تاریخ 28/ مئی 1981ء

مولانائے محترم !

السلام علیکم ورحمۃ اللہ ۔

ھمراہ ایک خط ہے جو سرائے میر سے آیا ھے ۔ تدبر قرآن کی آٹھویں جلد جو آپ نے علی میاں کو بھجوائی تھی وہ مل گئی ۔ یہ خط گویا اس کی رسید ہے ۔ دائرہ حمیدیہ کی طرف سے کوئی اطلاع نہیں آئی ۔ اندازہ ہے کہ انہیں بھی پارسل مل گیا ہوگا ۔

محاسن الشعر اول دوم یہاں موصول ہوگئی ہے ۔ لاہور آیا تو لیتا آؤں گا ۔ گزشتہ خط میں میں نے دریافت کیا تھا کہ " مجموعہ تفاسیر فراہی کے دیباچے میں "حصہ حالات میں ، آپ نے مولانا فراہی کے سرسید کی تفسیر کا ترجمہ کرنے سے انکار کی جو روایت درج کی ہے وہ آپ کو کہاں سے معلوم ہوئی ۔ مولانا فراہی نے آپ سے خود یہ واقعہ بیان کیا ہوگا ؟ علی گڑھ کا حلقہ بربنائے ھمدردی وطرفداری اسکو درست نہیں مانتا ۔ یہ ایک علمی مسئلہ ہے ۔ میں علی گڑھ والوں کو علمی انداز میں اس کا جواب دینا چاہتا ھوں ۔ سو گزارش ھے کہ آپ اس سلسلے میں حقیقت حال سے آگاہ کیجئے ۔ اس مسئلے پر آپ ھی روشنی ڈال سکتے ھیں ۔ آپ کے بعد اس کا جواب دینا مشکل ہوگا ۔ آپ کے سوانحی خاکے سے متعلق میں سوالات کی دو قسطیں آپ کو بھیج چکا ھوں ۔ ان کے جوابات تھوڑا تھوڑا کرکے لکھتے جائیے ۔ آگے کی قسطیں تیار ھیں ، پہلے کی دو پوری ھوجائیں تو تیسری بھیجوں ۔ جن سوالات کے جواب آپ نہ دے سکیں یا نہ دینا چاھیں ان کو چھوڑتے جائیے ۔ یہ ایک فرضی خاکہ ھے ضروری نہیں کہ ھر سوال کا جواب دیا جائے ۔

امید ہے کہ آپ ھر طرح بخیر وعافیت ہونگے ۔ والسلام

(شرف الدین اصلاحی)

ایڈیٹر فکرونظر

مولانا امین احسن اصلاحی
معرفت فاران فاؤنڈیشن
122 فیروز پور روڈ
اچھرہ ۔ لاہور ۔

مسودہ
... 3/5/81